# ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ

ಕೆಎಸ್‌ಕ್ಯುಎಎಸಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು-560003.

# KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

KSQAAC, Malleshwaram, Bengaluru-560003.

## ಮೌಲ್ಯಾಂಕನ - ಮಾರ್ಚ್ 2024 - ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೋತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆ

## Assessment - March 2024 Model Paper

**Class : 9** **Subject : Third Language Urdu** **Marks : 80** **Time : 3 Hours**

**Information to be filled by the Student**

**Name of the Student :** ____________________

**Student SATS No :** | | | | | | | | | | **Signature of the Student :** ____________

**Information to be filled by the Room Invigilator**

**School DISE Code :** | | | | | | | | | | | |

**School Name :** ____________________

**Cluster :** ________ **Block :** ________ **District :** ________

**School Type : Govt.** ☐ **Aided** ☐ **Un-aided** ☐

**(Put "✓" mark for applicable information)**

**Signature of the Room Invigilator :** ____________

**Information to be filled by the Evaluator at the time of evaluation**

| Question Number | Obtained Marks | Question Number | Obtained Marks | Question Number | Obtained Marks |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | 14 | | 27 | |
| 2 | | 15 | | 28 | |
| 3 | | 16 | | 29 | |
| 4 | | 17 | | 30 | |
| 5 | | 18 | | 31 | |
| 6 | | 19 | | 32 | |
| 7 | | 20 | | 33 | |
| 8 | | 21 | | 34 | |
| 9 | | 22 | | 35 | |
| 10 | | 23 | | 36 | |
| 11 | | 24 | | 37 | |
| 12 | | 25 | | 38 | |
| 13 | | 26 | | | |
| **Total marks** | | **Total marks** | | **Total marks** | |
| | | | | **Grand Total** | |

**Total marks obtained (in words) :** ____________________

**Signature of the Evaluator :** ____________

**I.** چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے۔ **8x1=8**

- دی گئی ہدایات کے مطابق صحیح جواب چن کر لکھیے۔

غذا ہر جاندار کے لیے لازمی ہے۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ زندگی کا دارو مدار ہی غذا پر ہے۔ غذا کے ذریعہ جسم کو توانائی ملتی ہے جس کی مدد سے جسم کے مختلف اعضاء اپنے کام انجام دیتے ہیں۔ ہر فرد کی صحت پر اس کا ماحول، غذاء عادات وغیرہ کا نمایاں اثر پڑتا ہے اور ان کا خیال رکھنا صرف مرض سے ہی دور نہیں رکھتا بلکہ اچھی صحت قائم رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ خاص طور سے بچپن کا زمانہ اس لحاظ سے بہت ہی اہمیت کا حامل ہے کہ بچے کو اگر متوازن اور مناسب غذا نہ ملے تو اس کی نشوونما اور تندرستی متاثر ہوتی ہے۔

مناسب غذا نہ ملنے پر خصوصاً بچے نقص تغذیہ Malnutrition کے باعث بہت سے امراض کا شکار ہو سکتے ہیں۔

**1.** • مرض کی جمع ہے۔

(A) مریض (B) امراض

(C) مریضوں (D) مرضی

جواب: ☐ ______________

**2.** ''لازمی'' کے معنی ہیں۔

(A) ضروری (B) جائز

(C) مناسب (D) ٹھیک

جواب: ☐ ______________

**3.** حامد غذا لانے بازار گیا۔

اس جملے میں فعل ہے

(A) حامد (B) غذا

(C) بازار (D) گیا

جواب: ☐ ______________

4. یہ، اِس، اُس، ان کہلاتے ہیں۔

(A) ضمیر غائب (B) ضمیر موصولہ

(C) ضمیر اشارہ (D) ضمیر تنکیر

جواب: ☐ ________________

5. اچھی صحت کے لئے اچھی غذا ضروری ہے۔

• اس جملے میں لفظ 'اچھی' سے مراد

(A) اسم (B) متعلق فعل

(C) صفت (D) فعل

جواب: ☐ ________________

6. اشعار کو پڑھتے ہوئے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

جس پر رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احسان ہو گیا
خوش بخت ہے وہ شاہد ایمان ہو گیا
جس نے بھی پیروی کی رسول انامؐ کی
ہر کام اس کا دہر میں آسان ہو گیا

• نعت وہ نظم جس میں تعریف کی جاتی ہے۔

(A) محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی (B) اللہ کی

(C) شاعر کی (D) غزل کی

جواب: ☐ ________________

7. احسان، ایمان، انامؐ، آسان کہلاتے ہیں۔

(A) ہم وزن (B) ہم ردیف

(C) ہم معنی (D) ہم قافیہ

جواب: ☐ ________________

8. احسان کی جمع ہے

(A) محسن (B) حسن

(C) احسانات (D) حسین

جواب: ☐ ____________

II. دی گئی غزل کو پڑھ کے پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے۔ 4x1=4

رات گئے بھی جاگ رہا ہے
نیند کے پیچھے بھاگ رہا ہے

چوری کیسے کر سکتا ہوں
مجھ میں کوئی جاگ رہا ہے

اپنی آنکھیں موند کے کوئی
سچّائی سے بھاگ رہا ہے

تپ کر آگ میں سونا بن جا
کیوں دنیا کو تیاگ رہا ہے

لہجہ آئینے کا جامیؔ
کچھ بھی ہو بے لاگ رہا ہے

9. غزل کا پہلا شعر: مطلع :: غزل کا آخری شعر: ____________

10. نظم کے لغوی معنی: موتی پرونے کے ہیں :: غزل کے لغوی معنی : ____________

11. رہا ہے : ردیف :: جاگ بھاگ : ____________

12. پیچھے : آگے :: دن : ____________

III. دی گئی ہدایات کے مطابق ان سوالات کے جوابات لکھیے۔ 4x1=4

- عبارت کو پڑھتے ہوئے ان سوالات کے جوابات لکھیے۔

مولانا ابوالکلام آزادؔ کا اصلی نام محی الدّین احمد تھا۔ فیروز بخت تاریخی نام، ابوالکلام کنیت اور آزادؔ آپ کا تخلص تھا۔ 11۔ نومبر 1888ء کو مکہّ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد مولانا خیر الدین ہندوستانی تھے۔ غدر 1857ء کے موقع پر یہاں سے ہجرت کر گئے تھے۔ مولانا آزادؔ کی والدہ مدینہ منورہ کی رہنے والی تھیں۔ مولانا خیر الدین صاحب بڑے پائے کے بزرگ تھے۔ ان کے مریدوں کا حلقہ بہت وسیع تھا۔

مریدوں کے اصرار پر آپ مع اہل وعیال کلکتہ آ گئے۔ مولانا آزاد کا ابتدائی دور یہیں گزرا۔ تعلیم وتربیت والد محترم کی نگرانی میں ہوئی۔ بلا کے ذہین تھے۔ چھ سال کی عمر میں کلام پاک ناظرہ ختم کرلیا۔ اور قرآت بھی سیکھی۔ بچپن ہی سے صبح سویرے اُٹھتے اور پابندی سے نماز پڑھنے کے عادی ہو گئے تھے۔ اور آخری وقت تک آپ اوقات کے بہت پابند رہے۔

13. مولانا آزاد کا تاریخی نام کیا تھا؟

جواب: ______________________________

14. مولانا آزاد کب پیدا ہوئے؟

جواب: ______________________________

15. مولانا آزاد کی تعلیم وترتیب کس کی نگرانی میں ہوئی؟

جواب: ______________________________

16. مولانا آزاد کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ______________________________

**IV.** دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ **8x2=16**

- دی گئی عبارت کو پڑھ کر ان سوالات کے جوابات لکھئے۔

وجیاپورہ میں موجود گول گنبد دیکھ کر سب کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔ ایک ساتھ بچوّں نے کہا ''اُفّوہ! کیا غضب کا گنبد ہے'' ایک گائیڈ بھاگتا ہوا آیا۔ استاد نے اُس کی خدمت حاصل کی۔ وہ فرفر گول گنبد کی تاریخ بتا رہا تھا۔ بچوّ ! گول گنبد محمد عادل شاہ کا مقبرہ ہے۔ 30 سال میں اس کی تعمیر مکمل ہوئی۔ اس کی اونچائی 177 فٹ۔ اندرونی گنبد کا قطر 144 فٹ ہے۔ اور اندرونی حصار 24.5 فٹ کا ہے۔ یہ دنیا کے چار بڑے گنبدوں میں۔ ایک ہے۔ یہ گنبد تو بغیر ستون کے کھڑا ہے۔ استاد نے کہا ''بچو! یہ سب تعمیر کا کمال ہے تم ذرا اپنے ساتھیوں کو آواز دینا پھر دیکھنا یہ آواز سات بار سنائی دے گی۔ اسی لیے اسے ''بولی گنبد'' کہا جاتا ہے۔ یہ دنیا کے عجائبات میں سے ایک ہے۔'' راستہ چلتے چلتے استاد یہاں کی دوسری تاریخی عمارتوں کے بارے میں بتانے لگے۔

17. گول گنبد کس شہر میں واقع ہے اور اسکی اونچائی کتنی ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

18. گول گنبد کو دیکھ کر بچوں کا کیا تاثر تھا؟

جواب: ______________________________

______________________________

عبارت کو پڑھ کر جوابات لکھیے۔

انٹرنیٹ (Internet) مختلف کمپیوٹروں کے باہمی ربط کا نام ہے جس کی مدد سے ایک دوسرے سے منسلک کمپیوٹروں کے صارفین (Users) انفارمیشن کا تبادلہ کرتے ہیں۔ نیٹ ورک میں منفرد کمپیوٹر تاروں کے ذریعہ جڑے ہوتے ہیں اور ان تاروں میں سفر کرنے والی برقی لہروں کی مدد سے ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر کو پیغام پہنچائے جاتے ہیں۔

جب دو سے زیادہ کمپیوٹروں کو کسی کڑی کے ذریعہ جوڑا جاتا ہے تو ان میں سے ہر ایک میں کمانڈ (Command) پیغامات، پروگرام، اور فائلوں سبھی کا لین دین ہوسکتا ہے۔ یہ سب سے چھوٹا نیٹ ورک بن جاتا ہے۔ دنیا بھر میں پائے جانے والے کئی ایسے نیٹ ورکوں کا جال انٹرنیٹ (Internet) کہلاتا ہے۔

19. انٹرنیٹ کسے کہتے ہیں؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

20. دو سے زیادہ کمپیوٹروں کو جوڑنے کا فائدہ کیا ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

نظم کے بند کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

لطف آرام میں ملتا ہے، بہت کام کے بعد
کام کرنے میں مزہ آتا ہے آرام کے بعد
دن کو جو سوئے تو کیا سوئے گا پھر شام کے بعد
دورِ راحت کا مزا تلخی ایام کے بعد
پہلے تم کام کرو، بعد میں آرام کرو

21. لطف کب ملتا ہے اور کام کرنے میں مزہ کب آتا ہے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

22. دن کو سونے کا انجام کیا ہوگا؟ اور راحت کب نصیب ہوگی؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

ہمیں پیار اپنی عمارات سے
ہمیں پیار اپنی روایات سے
نگاہیں ہمالہ کی اونچی رہیں
سدا چاند تاروں کو چھوتی رہیں

اشعار کو پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

23. کسی بھی ایک شعر کو نثر میں تبدیل کیجیے؟

جواب:______

______

______

______

24. شاعر نگاہوں کے بارے میں کیا کہہ رہا ہے؟

جواب:______

______

______

______

**V.** دی گئی ہدایات کے مطابق ان سوالات کے جوابات لکھیے۔ **9x3=27**

دی گئی عبارات کو غور سے پڑھتے ہوئے بحوالہ متن لکھیے

کچھ دیر بعد آپؐ کی والدہ کی آنکھ کھلی تو انھوں نے دیکھا کہ آپؐ پانی کا پیالہ لیے کھڑے ہیں۔ والدہ نے اُٹھ کر پانی پیا اور پھر کہنے لگیں۔ ''بیٹے! تم نے اتنی تکلیف کیوں اٹھائی۔ پانی کا پیالہ میرے بستر کے قریب رکھ دیتے۔ میں اُٹھ کر خود پی لیتی۔''

25. متن کے حوالے سے اس جملے کی وضاحت کیجیے۔

''میں اٹھ کر خود پی لیتی'

جواب:______

______

______

بیٹی جواب دیتی ہے کہ "ماں! آج ہی خلیفہ المسلمین حضرت عمرؓ نے اعلان کروایا ہے کہ کوئی شخص دودھ میں پانی نہ ملائے۔" اس لئے میں پانی نہیں ملاؤں گی۔'' اس کے بعد ماں کہتی کہ ''بیٹی! رات کا سناٹا ہے ساری دُنیا سورہی ہے حضرت عمرؓ گویا کسی اور کو کیا پتہ کہ تو پانی ملا رہی ہے؟'' اس پر بیٹی نے جواب دیا کہ ''ماں! خلیفہ نہ سہی اللہ تو دیکھ رہا ہے۔ خلیفہ کے سامنے ہم اطاعت کریں اور ان کی غیر موجودگی میں ان کے حکم کا انکار کریں، یہ ان کے حکم کی نافرمانی ہوگی۔"

26. متن کے حوالے سے اس جملے کی وضاحت کیجئے۔

''اس لئے میں پانی نہیں ملاؤں گی''

جواب: ______

27. جیسے ہی یہ بات مرزا جی نے اپنے طوطے سے کہی، وہ پنجرے میں لگی ہوئی سلاخ پر سے نیچے گرا اور مر گیا۔ مرزا جی پھر حیرت میں پڑ گئے، اب اسے کیا ہوگیا۔ یہ بھی اسی بوڑھے طوطے کی طرح گر کر مر گیا۔ وہ تھوڑی دیر کھڑے دیکھتے رہے پھر ریاض اور فردوس کو آواز دی بچو! آؤ دیکھو طوطے کو کیا ہوگیا؟"

ریاض اور فردوس دوڑتے ہوئے آئے۔ ''ارے یہ تو مر گیا ہے۔" بے ساختہ اُن کی زبان سے نکلا آپ نے کیا کیا؟

- متن کے حوالے سے اس جملے کی وضاحت کیجئے۔

''بچو! آؤ دیکھو طوطے کو کیا ہوگیا''

جواب: ______

28. اس عبارت کو پڑھ کر رشید احمد صدیقی کی حیات خصوصیات، اور کتابوں پر روشنی ڈالیے:

رشید احمد صدیقی یو پی کے ضلع جونپور کے گاؤں مڑیا میں 1894ء میں پیدا ہوئے علی گڈھ میں تعلیم حاصل کی، طالب علمی کے زمانے سے ہی مزاحیہ مضامین لکھنا شروع کیا، علی گڑھ میاگزین کے ایڈیٹر رہے، وہ شعر وادب کا ستھرا ذوق رکھتے تھے۔ ان کا انتقال 1977ء میں ہوا، ان کے کتابوں کے نام ہیں ''مضامین رشید'' و۔ ''خندان''۔ اردو طنز ومزاح کی تنقیدی تاریخ''

جواب:

29. اس عبارت کو پڑھ کر جان نثار اختر کی حیات خصوصیات اور تصانیف لکھئے۔

جاں نثار اختر کا شمار ترقی پسند شاعروں میں ہوتا ہے۔ وہ 1914ء میں گوالیار میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے غزلیں اور نظمیں لکھی ہیں۔ سادگی، نغمگی اور سوز وگداز ان کی شاعری کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ ''خاک دل'' ''گھر آنگن اور پچھلے پہر'' ان کے شعری مجموعے ہیں۔ ان کا انتقال 1976ء میں ہوا۔

جواب:

30. • ان اشعار کی تشریح کیجیے۔

وہ نہیں جانتا سونا ہوں کوئی موم نہیں
آگ میں تپ کے میں کچھ اور نکھر جاؤں گا

جواب:

31.

رات گئے بھی جاگ رہا ہے
نیند کے پیچھے بھاگ رہا ہے

جواب:

.32 خرچ کروں تو بڑھ جاتا ہے
سب لوگوں کے کام آتا ہے

جواب: ________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

.33 • ان ضرب المثل کی وضاحت کیجئے

i) ''چور کی داڑھی میں تنکا''

ii) ''گھر کی مرغی دال برابر''

iii) اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا۔

جواب: ________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

**.IV دی گئی ہدایات کے مطابق ان سوالات کے جوابات لکھئے۔** **4x4=16**

.34 حمد کے چار اشعار مکمل کیجئے۔

حمد جناب باری ------------------

------------------ وہ رازق جہاں ہے

حاکم ہے بحر و بر کا ------------------

-------------- عرش بریں ہے اس کا

35. رہبر عالم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اپنے معلومات قلمبند کرتے ہوئے کوئی چار جملے لکھئے۔

جواب:_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

**36.** درج ذیل عبادت کو پڑھتے ہوئے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

ہسپانیہ کے سلطان حکم ابن ہشام نے ستائیس سال حکومت کی۔ انہوں نے ایک شاندار محل بنوانے کا خیال کیا۔ محل بنوانے کیلئے جگہ چُنی گئی۔ اس جگہ پر ایک بڑھیا کی تھوڑی سی زمین بھی تھی۔ اسے سلطان نے ہر قیمت پر خریدنے کی پیش کش کی لیکن بڑھیا اپنے باپ دادا کی نشانی چھوڑنے کے لئے تیار نہ تھی۔ آخر سلطان نے زبردستی بڑھیا کی زمین پر قبضہ کیا اور محل اور باغات کی تعمیر کی۔

بڑھیا قاضی کی عدالت میں حاضر ہوئی۔ سلطان کے خلاف مقدمہ دائر کیا اور کہا ''میں ایک غریب اور بے کس بڑھیا ہوں اور میرا مقابلہ سلطان سے ہے۔ گویا ایک تنکا پہاڑ سے ٹکرا رہا ہے، انصاف کی توقع تو کم ہے۔ لیکن آپ کا کام انصاف کرنا ہے، آپ عدل و مساوات سے کام لیں اور میرا حق مجھے دلوا دیں۔''



قاضی یہ سن کر سوچ میں پڑ گئے کہ اس تُند مزاج سلطان کو کیسے کہے۔ آخر انہوں نے ایک ترکیب نکالی۔

i) محل بنانے والے سلطان کا نام کیا ہے اور اس نے کس کی زمین پر قبضہ کیا؟

ii) بڑھیا کس کی عدالت میں حاضر ہوئی اور بڑھیا نے سلطان کے خلاف کیا مقدمہ دائر کیا؟

جواب:

37. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔

''لالچ بری بلا ہے۔''

''میرا پسندیدہ کھیل۔''

جواب:

**VII.** دیے گئے اشارات کی مدد سے خط مکمل کیجیے۔ **1x5=5**

**38.** • اپنے والد کے نام ایک خط لکھیے جس میں سالانہ جلسہ میں شرکت کی گزارش کی گئی ہو۔

| نام و پتہ |
|---|

| آداب والقاب |
|---|

| نفسِ مضمون |
|---|

| خاتمہ |
|---|

| پتہ |
|---|

یا

اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھیے جس میں مناسب وجہ بتاتے ہوئے دو دن کی چھٹی کی درخواست کی گئی ہو۔

| نام و پتہ |
|---|

| آداب والقاب |
|---|

| عرض مدعا |
|---|

| نفسِ مضمون |
|---|

| خاتمہ |
|---|

| پتہ |
|---|

جواب: